محمد مستقیم سلفی

# برصغیر کے "اہل حدیث" علماء

# اور

# مطالعۂ مسیحیت

["عالمِ اسلام اور عیسائیت" میں جہاں ہماری یہ خواہش رہی ہے کہ عہدِ حاضر میں مسلم - مسیحی روابط پر مقالات اور اطلاعات شائع کریں، وہیں ہم نے مسلم علماء کے مطالعۂ مسیحیت پر متعدد مقالات شائع کیے ہیں۔ برصغیر میں یوں تو سب ہی مکاتبِ فکر کے علماء نے مطالعۂ مسیحیت کے دائرے میں اپنے اپنے انداز میں کام کیا ہے، تاہم احیاء پسند علماء نسبتاً زیادہ نمایاں رہے ہیں۔ احیاء پسندوں میں اہل حدیث مکتبِ فکر خاصا نمایاں ہے، ماضی قریب میں اِس مکتبِ فکر نے مطالعہ و مناظرہ مسیحیت کی جو روایت قائم تھی، کسی نہ کسی صورت میں یہ اب بھی جاری ہے۔

"عالمِ اسلام اور عیسائیت" نے جن معروف اہلِ حدیث علماء کے مطالعۂ مسیحیت پر خصوصی مقالات شائع کیے ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

| | |
|---|---|
| مولانا ثناء اللہ امرتسری | مارچ ۱۹۹۲ء، صفحات ۵-۱۶ |
| | مئی ۱۹۹۲ء، صفحات ۱۰-۱۴ |
| قاضی محمد سلیمان منصور پوری | دسمبر ۱۹۹۲ء، صفحات ۵-۱۶ |
| | اپریل ۱۹۹۳ء، صفحات ۵-۱۶ |
| حافظ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی | دسمبر ۱۹۹۳ء، صفحات ۱۴-۱۸ |

ذیل میں اہل حدیث علماء کے مطالعۂ مسیحیت کے حوالے سے "کتابیات" پیش کی جاتی ہے۔ یہ کتابیات جناب محمد مستقیم سلفی کی تالیف "جماعت اہل حدیث کی تصنیفی خدمات" سے لی گئی ہے، جس کی دوسری اشاعت جامعہ سلفیہ - بنارس سے فروری ۱۹۹۲ء میں عمل میں آئی ہے۔

یہ "کتابیات" بڑی حد تک جامع ہے، مگر یہ دعویٰ نہیں کیا جاسکتا کہ اِس میں اضافہ ممکن نہیں۔ "عالمِ اسلام اور عیسائیت" کے قارئین سے التماس ہے کہ اگر زیرِ نظر "کتابیات" میں اُنہیں کوئی نقص نظر آتا ہے تو اس کی نشاندہی کریں اور اِسے جامع بنانے کے لیے اپنے ذخائر کتب کا جائزہ لیتے ہوئے مزید کتابوں کے بارے میں ہمیں اطلاع دیں۔ اُن کی فراہم کردہ اطلاعات پر مبنی، اگر ہوسکا تو، دوسری

قسط شائع کی جائے گی۔ مدیر]

*فتح المبین علی اعداء الدین (اُردو)
مصنّف: مولانا سیّد عبدالباری سہسوانی (۱۲۶۶-۱۳۰۳ھ)
مطبع: آگرہ، طبع: ۱۲۹۴ھ
یہ کتاب اس مناظرہ کی روداد ہے، جو مولانا سہسوانی اور پادریوں کے مابین ہوا تھا۔
*اعلام الاحبار والاعلام ان الدین عند اللہ الاسلام
مصنّف: مولانا سیّد عبدالباری سہسوانی
اس کتاب میں دس تنقیدی اصول پر غیر مذاہب کو باطل اور اسلام کو حق ثابت کیا گیا ہے۔
*تریاق مسموم (اُردو)
مصنّف: مولانا الطاف حسین حالی (۱۲۵۳-۱۳۳۳ھ)
یہ کتاب ایک مسلمان کی کتاب کے جواب میں ہے، جو اس نے عیسائی ہوجانے کے بعد لکھی تھی۔
*تبیان حسن الملیح فی وجہ المحمد من المسیح (اُردو)، صفحات ۴۸
مصنّف: مولانا عبدالغفور داناپوری پٹنہ (۱۲۶۹-۱۳۰۰ھ)
مطبع: احمدی پٹنہ، طبع اول: ۱۳۱۴ھ
یہ کتاب عیسائیوں کے رسالہ "خداوند عیسیٰ مسیح اور محمد صاحب کا بیان" کے جواب میں ہے، جس میں نبی ﷺ کا تقابل حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کیا گیا ہے۔
*مرآۃ الجواب لصاحب تصدیق الکتاب (اُردو) صفحات ۴۸
مصنّف: مولانا عبدالغفور داناپوری، پٹنہ (۱۲۶۹-۱۳۰۰ھ)
مطبع: احمدی پٹنہ، طبع اول: ۱۸۹۲ء
یہ کتاب پادری جے - اسکاٹ صاحب کے رسالہ "تصدیق الکتاب" کے جواب میں ہے، پادری صاحب نے بائبل کا قرآن مجید اور دیگر آسمانی کتب اور ویدوں سے مقابلہ کرتے ہوئے بائبل کو صحیح اور دیگر آسمانی کتابوں کو غلط قرار دیا ہے۔
*الرحمۃ المحیط فی اطاعۃ الفارقلیط (اُردو) صفحات ۸
مصنّف: مولانا عبدالغفور داناپوری، پٹنہ
مطبع: احمدی پٹنہ، طبع اول: ۱۳۱۱ھ
یہ رسالہ پادری ایچ - پٹرسن کے رسالہ "پاراکلیت کا بیان" کے جواب میں ہے۔ انجیل وغیرہ میں جو لفظ "فارقلیط" کا آیا ہے، اس سے پادری صاحب نے روح مراد لیا ہے اور محمد ﷺ کی ذات گرامی سے انکار

کیا ہے۔

*ایک پادری کے آٹھ سوالوں کا جواب (اُردو) صفحات ۱۶
مصنّف: مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری (م ۱۹۳۰ء)
مطبع: ---، طبع اول: ۱۹۳۷ء
پادری جے - ڈانیل (گجرات - پنجاب) نے آٹھ سوال خود ہی لکھ کر جو اسلام کے خلاف تھے، ان کا جواب خود ہی دیا اور "ایک عرض" کے عنوان سے شائع کر دیا جس کے جواب میں یہ رسالہ لکھا گیا ہے۔

* برھان (اُردو) صفحات ۲۴
مصنّف: مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری
مطبع: ---، سن تصنیف: ۱۹۱۴ء
یہ کتاب صوبہ بلوچستان کے ایک پادری کے خط کے جواب میں ہے۔ اس خط میں پادری صاحب نے پانچ سوالوں کے جوابات قاضی صاحب مرحوم سے طلب کیے تھے، جیسے توریت، صحف انبیاء، انجیل اور قرآن شریف آپس میں کیا نسبت رکھتے ہیں؟ حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مدارج کیا ہیں؟ وغیرہ

*انجیلوں میں خدا کا بیٹا (اُردو) صفحات ۱۶
مصنّف: مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری (م ۱۹۳۰ء)
مطبع: سول اینڈ ملٹری آرگن لدھیانہ، طبع: ---
اس مختصر رسالہ میں لفظ "خدا کا بیٹا" کی تحقیق اناجیل سے دی گئی ہے اور اس کے معانی کو بتاتے ہوئے یہ بیان کیا گیا ہے کہ سب سے پہلے کس نے یہ لفظ ایجاد کیا۔

*استقامت (اُردو) صفحات ۴۴
مصنّف: مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری
مطبع: علمی پریس لاہور، طبع اول: ۱۹۰۶ء
یہ رسالہ ایک متذبذب آدمی کے خط کا جواب ہے، یہ شخص مسلمان تھا اور بیمار پڑا، مسلمانوں نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کی، البتہ عیسائیوں نے اس کی دیکھ ریکھ کی اور اپنے مذہب کی حقانیت کا اظہار بھی کرتے رہے، جس سے یہ شخص متأثر ہوا اور اسلام پر چند اعتراضات لکھ کر [خط] قاضی صاحب کے پاس بھیجا۔

*علمی و تبلیغی خطوط (اُردو)
مصنّف: مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری
یہ کتاب قاضی صاحب کے ان خطوط کا مجموعہ ہے جن کے مطالعہ سے بہت سے عیسائی اور آریہ مسلمان ہو

گئے۔

*قرآن، توریت اور انجیل میں باہمی نسبت (اُردو) صفحات ۱۶
مصنف: مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری
مطبع: اکسپریٹ لیتھو پرنٹنگ لاہور، طبع اول: ۱۹۳۷ء

یہ رسالہ ایک پادری صاحب کے جواب میں ہے، پادری صاحب کا سوال یہ تھا کہ "توریت، صحف انبیاء، انجیل اور قرآن مجید آپس میں کیا نسبت رکھتے ہیں؟"

* نبی معصوم (اُردو)
مصنف: مولانا عبداللہ روپڑی (۱۳۰۳-۱۳۸۴ھ)
مطبع: ---، طبع: ---

یہ رسالہ عیسائیوں کے ایک رسالہ کے جواب میں ہے، جس میں قرآن مجید سے محمد ﷺ کا گناہ گار ہونا اور عیسیٰ علیہ السلام کا پاک دامن ہونا ثابت کر کے یہ نتیجہ نکالا گیا تھا کہ شفیع بننے کے قابل صرف عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور بس۔

*کلمہ طیبہ (اُردو) صفحات ۴
مصنف: مولانا ثناء اللہ امرتسری (۱۲۸۷-۱۳۶۷ھ)
مطبع: روز بازار امرتسر، طبع اول: ۱۹۱۴ء

اس کتاب میں کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ، کی تشریح کرتے ہوئے بدلائل یہ ثابت کیا گیا ہے کہ محمد ﷺ کے آنے کی بشارتیں عیسائیوں کی مقدس کتابوں میں موجود ہیں۔

*جواباتِ نصاریٰ (اُردو) صفحات ۹۲
مصنف: مولانا ثناء اللہ امرتسری
مطبع: ثنائی امرتسر، طبع اول: ۱۹۳۰ء

یہ کتاب عیسائیوں کے رسائل "حقائقِ قرآن" و "معارف قرآن" اور "اثبات التثلیث فی التوحید" مصنفہ پادری عبدالحق اور "اثبات التوحید" و "میں مسیحی کیوں ہوا؟" مصنفہ پادری سلطان محمد پال، نیز "تم مسیحی کیوں ہوئے" کے جوابات کا مجموعہ ہے اور اس کتاب میں عیسائیوں کے دلائل کی بیخ کنی کی گئی ہے۔

*رسالہ توحید، تثلیث اور راہ نجات (اُردو) صفحات ۴۰
مصنف: مولانا ثناء اللہ امرتسری (۱۲۸۷-۱۳۶۷ھ)
مطبع: وزیر ہند امرتسر، طبع اول: ۱۳۳۲ھ

عیسائیوں کی طرف سے عام طور پر جو مضامین شائع ہوتے ہیں، وہ تین ہیں توحید، نجات، کفارۂ مسیح۔ ان تینوں کی اصل حقیقت کو اس رسالہ میں واضح کر دیا گیا ہے۔

*اسلام اور مسیحیّت (اُردو) صفحات ۲۲۰
مصنّف: مولانا ثناء اللہ امرتسری
مطبع: ثنائی امرتسر، طبع اول: ۱۹۴۱ء
یہ کتاب پادری برکت اللہ صاحب کی تین کتابوں "توضیح البیان فی اصول القرآن"، "مسیحیّت کی عالمگیری" و "دین فطرت اسلام یا مسیحیّت" کے جوابات پر مشتمل ہے، مولانا نے اس کتاب میں تین ابواب قائم کر کے بالترتیب تینوں کا جواب دیا ہے۔
*اسلام اور پالی ٹکس (اُردو) صفحات ۸
مصنّف: مولانا ثناء اللہ امرتسری
مطبع: ---، طبع اول: ۱۹۳۰ء
اس مختصر رسالہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ آج دنیا میں انسانوں کو مختلف مذاہب والے خصوصاً عیسائی حضرات اپنے مذہب کی طرف بلا رہے ہیں، لیکن ان کی نجات کی ذمہ داری کوئی نہیں لیتا، مگر اسلام جامع ہونے کی حیثیت سے سب کی نجات کی ذمہ داری لیتا ہے۔
*اسلام اور برٹش لا (اُردو) صفحات ۵۶
مصنّف: مولانا ثناء اللہ امرتسری
مطبع: اہل حدیث امرتسر، طبع دوم: ۱۹۰۵ء
یہ رسالہ تین باب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے، اس میں انگریزی قوانین کے مدِّمقابل اسلامی قوانین کو ہر شعبہ میں افضل اور بہتر ثابت کیا گیا ہے۔
*مناظرہ الہ آباد (اُردو) صفحات ۲۴
مصنّف: مولانا ثناء اللہ امرتسری (۱۲۸۷-۱۳۶۷ھ)
مطبع: ثنائی امرتسر، طبع اول: ۱۹۳۴ء
یہ رسالہ اس مناظرہ کی رُوداد ہے جو مولانا امرتسری اور پادری عبدالحق کے مابین "مسئلہ توحید و تثلیث" کے موضوع پر ہوا تھا۔
*کسر الصلیب (اُردو) صفحات ۱۶
مصنّف: مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی (۱۲۹۵-۱۳۷۵ھ)
مطبع: ثنائی امرتسر، طبع اول: ۱۹۳۳ء
حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت واقعہ صلیب کے سلسلہ میں بعض نادان مسلمان قرآن شریف کی تصریح کے برخلاف حضرت مسیح علیہ السلام کے مصلوب ہونے کے قائل ہو گئے جن کے جواب میں یہ کتاب لکھی گئی ہے۔

*عصمت النبی ﷺ (اُردو) صفحات ۱۲
مصنّف: مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی
مطبع: پنجاب سیالکوٹ، طبع،---
یہ رسالہ عیسائیوں کے اُن اعتراضات کے جواب میں جو رسول اللہ ﷺ پر کیے گئے تھے، جیسے قصہ "الغرانیق العلی" جس میں غلط طور سے یہ بتایا گیا ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے بُتوں کی تعریف کی تھی۔
*عصمت انبیاء (اُردو) صفحات ۱۲۰
مصنّف: مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی
مطبع: پنجاب سیالکوٹ، طبع:---
عیسائیوں کا ایک رسالہ "بے گناہ نبی" ہے جس میں سب نبیوں کو بالخصوص حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد ﷺ کو گناہ گار لکھا ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بے گناہ قرار دیا ہے، یہ کتاب اسی کا جواب ہے۔
*عصمت و نبوت (اُردو) صفحات ۹۳
مصنّف: مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی (۱۲۹۵ - ۱۳۷۵ھ)
مطبع: رفاہ عام لاہور، طبع: ۱۹۱۲ء
یہ کتاب پادری مسٹر جیمس مسرو کی کتاب "عدم معصومیت محمد ﷺ" کا جواب ہے جس میں نبی ﷺ و دیگر انبیاء کرام کو غیر معصوم قرار دیا ہے۔
*اسلامی توحید اور مذاہب عالم (اُردو)
مصنّف: مولانا ابوالکلام آزاد (۱۳۰۵ - ۱۳۷۷ھ)
اس کتاب میں یہ دکھایا گیا ہے کہ اسلامی توحید کی جغرافیائی فتوحات کا دائرہ بہت وسیع ہے، گو ابتداء میں بیرونی مذاہب نے اس سے تغافل کیا، لیکن بتدریج یورپ اور ایشیا کے مذاہب اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔
*عیسائیت کا مسئلہ (اُردو)
مصنّف: مولانا ابوالکلام آزاد
* پادری صاحب کا اظہار ندامت (اُردو) صفحات ۱۲
مصنّف: مولانا محمد یوسف شمس فیض آبادی (۱۳۰۰ - ۱۳۵۷ھ)
مطبع: برکات اکبر الہ آباد، طبع: ۱۹۳۶ء
یہ رسالہ اس مناظرہ کی رُوداد ہے جو پادری بشیر صاحب اور مولانا شمس فیض آبادی کے مابین ۱۶ - ۱۷

جون ۱۹۳۶ء کو انجمن محمدیہ اشاعتہ الاسلام، الہٰ آباد کے ساتویں سالانہ جلسہ میں بعنوان "نبوت محمد ﷺ اور رہبانیت" پر ہوا تھا۔

* بست سوال (اُردو)

مصنف: مولانا محمد یوسف شمس فیض آبادی (۱۳۰۰-۱۳۵۷ھ)

یہ رسالہ عیسائیوں سے بیس لاینحل سوالات پر مشتمل ہے۔

* رد اثبات التثلیث (اُردو)

مصنف: مولانا محمد صاحب گوندلوی (۱۸۹۹ - ۱۹۸۵ء)

* موجودہ عیسائیت (اُردو) صفحات ۱۲

مصنف: مولانا مصلح الدین اعظمی (م ۱۴۰۲ھ)

مطبع: برقی آرٹ پٹنہ، طبع:---

اس کتابچہ میں مسیح علیہ السلام کی سچی تعلیم کو قرآن کی روشنی میں نکھارنے اور اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور عیسائیوں نے مسیح علیہ السلام کی جانب جو غلط باتیں منسوب کردی ہیں، ان کو بے نقاب کیا گیا ہے۔

* مقدس بائبل اور اس کی تعلیمات (اُردو) صفحات ۸

مصنف: مولانا مصلح الدین اعظمی

مطبع: برقی آرٹ پٹنہ، طبع:---

اس رسالہ میں توحید سے متعلق قرآنی تعلیم اور انجیل مقدس کی تعلیم کو یکساں دکھا کر موجودہ عیسائیوں کے عقائد کو باطل اور خلافِ عقل ثابت کیا گیا ہے۔

* یسوع مسیح (بنگلہ، انگلش، عربی، اُردو)

مصنف: مولانا مصلح الدین اعظمی

* مضامین شرر - ۳ جلدیں (اُردو) صفحات مجموعی ۹۲۴

مصنف: مولانا عبدالحلیم شرر (۱۲۷۶ - ۱۳۴۵ھ)

مبطع: مرکنٹائل لاہور، طبع:---

اس کتاب میں آٹھویں صدی کے ایک مسلمان سیاح ابن بطوطہ پر مختصر روشنی ڈالتے ہوئے اس کے لکھے ہوئے تاریخی واقعات کو اجاگر کیا گیا ہے، اور مسیحیت کے بدعتی فرقوں کو صدہا بتاتے ہوئے ہر ایک فرقہ پر مختصر روشنی ڈالی گئی ہے۔

* مسیح اور مسیحیت - ۲ جلدیں - (اُردو) صفحات مجموعی ۵۰۰

مصنف: مولانا عبدالحلیم شرر (۱۲۷۶-۱۳۴۵ھ)

مطبع: دلگداز لکھنؤ طبع: ۱۹۳۱ء

اس کتاب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش اور تاریخ پیدائش کے سلسلہ میں مؤرخین یہود و نصاریٰ و مسلمان مؤرخین کے اقوال کو مختصر انداز میں پیش کیا گیا ہے اور بدلائل مؤرخینِ یہود و نصاریٰ کے اقوال کو غلط قرار دیا گیا ہے۔

*الکتاب المقدّس و تعالیمہ فی ضوء القرآن المجید والعقل (عربی) صفحات ۸
مصنّف: مولانا مصلح الدین اعظمی (م ۱۴۰۲ھ)
ناشر: جامعہ سلفیہ بنارس، طبع اول: ۱۴۰۸ھ
اس رسالہ میں قرآن مجید اور بائبل سے آیات نقل کر کے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے صرف اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیا ہے، پھر عقلی و نقلی دونوں اعتبار سے تثلیث کی نفی کی گئی ہے اور اخیر میں مسیحی علماء کے گمراہ ہونے کے اسباب بیان کیے گئے ہیں۔

*اسلام اور علمائے فرنگ (اُردو)
معلن: منیجر "اہل حدیث" امرتسر
اس کتاب میں اسلام کے متعلق علمائے فرنگ و یورپ کی رائیں درج ہیں۔ (اہل حدیث، امرتسر-۱۷ جون ۱۹۳۲ء)

*المسیح الموعود (اُردو)
معلن: منیجر "اہل حدیث" امرتسر
مسیح موعود کے بارے میں جو اختلافات اہل اسلام میں واقع ہیں، ان کے جواب میں یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ ("اہل حدیث" - امرتسر، ۱۸ اپریل ۱۹۳۲ء)

*اہل کتاب کے صحیفوں میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارتیں (اُردو) صفحات ۱۰۰، قلمی
مصنّف: مولانا صفی الرحمن مبارکپوری (ولادت ۱۹۴۲ء)
اس کتاب میں مجموعہ بائبل سے ایسے حوالے جمع کیے گئے ہیں جن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق پچھلے انبیاء کی پیشین گوئیاں درج ہیں۔

*الیہودیہ والمسیحیہ (عربی)
تالیف: ڈاکٹر ضیاء الرحمن اعظمی

*ہمارا قرآن (اُردو)
مصنّف: کے - ایم موسیٰ خان، مہان سنگھ باغ، لاہور
بائبل اور قرآن کے جتنے متفقہ مضامین ہیں، ان کو جمع کر کے پادری سلطان محمد پال صاحب نے دکھایا ہے کہ قرآن دراصل بائبل سے لیا گیا ہے۔ یہ کتاب اسی کے جواب میں ہے۔ ("اہل حدیث" - امرتسر، ۱۶ نومبر ۱۹۲۸ء)